# روح اخبار

—— مولانا عبید اللہ صاحب سندھی ۳۰ برس تک جلا وطن رہنے کے بعد اب ۔ مارچ کو حکومت کی اجازت سے اپنے وطن واپس آگئے ہیں ۔ ۵ ہزار کے ہجوم نے جن میں سندھ کے وزیر اعظم بھی شامل تھے کراچی بندرگاہ پر آپ کا خیر مقدم کیا۔ (زمیندار)

—— یکم مارچ ۔ انکم ٹیکس کے سلسلہ میں یکم اپریل سے اہم تغیر ہو جائیگا ۔ انکم ٹیکس میں اضافات ہوئے ہیں ۔ لیکن تھوڑی آمدنی والوں کیلئے کوئی تشویش کی وجہ نہیں ۔ آٹھ ہزار سالانہ تک کی آمدنی پر عام تدریجی محصول لیا گیا ہے ۔ اور آٹھ ہزار سے بارہ ہزار تک کے درمیان چند اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں ۔ (زمیندار)

—— حال ہی میں بیت المقدس سے فلسطین کی آبادی کے اعداد و شمار شائع کئے گئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۱۹ء سے لیکر ابتک یہودیوں کی تعداد میں ۶۱۷ فی صدی اضافہ ہوا ہے ۔ اور عربوں کی تعداد میں جنمیں عیسائی عرب بھی شامل ہیں ۔ ۱۰۰ فیصدی اضافہ ہوا ہے ۔ ۱۹۱۹ء میں یہودیوں کی تعداد ساٹھ ہزار تھی لیکن آج وہ ۴ لاکھ ۳۰ ہزار کی تعداد میں موجود ہیں ۔ عربوں کی آبادی ۱۹۱۹ء میں ۵ لاکھ ۵۰ ہزار تھی اور اب دس لاکھ ۷۰ ہزار ہے ۔ ان اعداد و شمار کی رو سے کیا کوئی ایماندار کہہ سکتا ہے کہ عربوں کو اپنی اکثریت کے ختم ہو جانے کا خوف حق بجانب نہیں ہے ؟ ۔ (مدینہ)

—— ۱۳ مارچ ۔ کونسل آف سٹیٹ نے مرکزی اسمبلی کا پاس کردہ خلع بل پاس کر دیا ۔ (قومی گزٹ)

—— ۱۲ مارچ ۔ بہار پراونشل مسلم لیگ کا ایک خاص اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر حکومت بہار نے واردھا اسکیم کا نفاذ کیا تو مسلم لیگ سول نافرمانی کریگی ۔ نیز حکومت حیدر آباد کے خلاف مظاہرے بند کرادے اگر ان مظاہروں سے کوئی بدامنی پھیلی تو اس کی تمام ذمہ داری حکومت پر ہوگی ۔ (قومی گزٹ)

—— ترکی حکومت میں ہتھیار رکھنے کیلئے جو خاص پابندیاں عائد تھیں وہ یکقلم منسوخ کردی گئیں ۔ اب ترکی کے تمام باشندے بلا امتیاز ہر قسم کے ہتھیار اپنے پاس رکھ سکیں گے ۔ البتہ ہتھیار رکھنے والوں کو معمولی محصول ادا کرنا ہوگا ۔ مگر وہ نوجوان اس محصول سے مستثنیٰ رکھے گئے ہیں جو جنگ کے موقعہ پر بغیر درخواست کے اپنی خدمات فوج کی طرف منتقل کردیں ۔ اس سلسلہ میں ایک سرکاری رپورٹ مظہر ہے کہ محصول دینے والوں کی بہ نسبت ان نوجوانوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جنھوں نے جنگ کے موقعہ پر اپنی خدمات پیش کرنیکا وعدہ کیا ہے ۔ (قومی گزٹ)

—— لندن ۔ ۱۰ مارچ ۔ جو تازہ تخمینہ لگایا گیا ہے اسکے مطابق آئندہ سال میں ہوائی طاقت پر ۴ کروڑ ۲۰ لاکھ پونڈ صرف ہونگے (تیج)

۱۴ مارچ کو مولانا مظہر الدین صاحب مالک و ایڈیٹر اخبار "الامان" و "وحدت" دہلی ۱۲ بجے دن میں جبکہ وہ اپنے پورے اسٹاف کے ساتھ اپنے دفتر میں بیٹھے ہوئے اخبار کا کام کر رہے تھے قتل کر دیئے گئے ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون ۔ اس سلسلے میں دو مسلمان گرفتار ہوئے ہیں ۔ توقع ہے کہ اس کے متعلق بعض اہم امور کا انکشاف ہوگا ۔ اصل حالات ابھی (۱۸ مارچ تک) پردۂ خفا میں ہیں ۔ ہم مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہوئے ان کے پسماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں ۔ یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ ۱۵ مارچ کو عین اسوقت جبکہ جامع مسجد دہلی میں مرحوم کا جنازہ ۲۵ ہزار مسلمان ادا کر رہے تھے ان کے گھر میں لڑکا پیدا ہوا ۔ بارک اللہ فیہ ۔ (محدث)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا ۔